سر، اس سلسلے میں میری گزارش صرف یہ ہے کہ انہوں نے اس میں لکھا ہے کہ "The Vice Chancellor may, in an emergency that in his opinion requires immediate action, ordinarily not in the competence of the Vice Chancellor take such action and forward" اور مختلف اختیارات دیئے ہیں۔ سر، اتنے اختیارات تو چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے پاس ہوتے ہیں یا صدر پاکستان کے پاس ہوتے ہیں۔ سر، ایک وائس چانسلر کو اس قسم کے اختیارات دینا، وہ اختیارات ہمارے چیف منسٹر کے پاس بھی نہیں ہیں جو کہ صوبہ چلا رہا ہے تو سر، میری اس میں یہ گزارش ہے کہ جب ایمرجنسی Exits کرتی ہے، اس کیلئے آپ کو Specific نہیں ہونا پڑتا کہ بہتر گھنٹے کے اندر آپ کے پاس آرڈیننس میں کوئی اختیار نہ ہو اور آپ وہ اقدامات کر جائیں اور پھر اس کلاز کا حوالہ دیں کہ مجھے یہ اختیارات دیئے تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر گورنمنٹ Agree کرے، اس پوری 'ایمرجنسی پروویژن' کو ہی Delete کر دیں، سر۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر، اگر آپ اس کو غور سے پڑھیں تو یہ کیا لکھا ہے کہ وائس چانسلر کی Competence میں کوئی ایسا مسئلہ نہ ہو اور ایمرجنسی ہو جائے تو وہ پھر ایمرجنسی کمیٹی کے پاس اپنے اس فیصلے کو تین دن کے اندر لے جائے گا، تو اس میں وضاحت کر دی ہے۔ سر، ایسی کئی چیزیں آ سکتی ہیں، آپ ادارہ چلاتے ہیں، آپ اس ہاؤس کو بھی چلاتے ہیں سر، اس پورے سیکرٹریٹ کو چلاتے ہیں تو یہ چیزیں ایسی ہیں کہ جو آپ کو فوری طور پر کرنی پڑتی ہیں اور اس کے بعد وہ سینیٹ یا سنڈیکیٹ کے پاس تو Approval کیلئے جاتی ہیں، لہذا ہم نے واضح کیا ہے اور میں بار بار کہہ رہا ہوں سر، کہ کئی چیزیں ایسی ہیں جو ماڈل ایکٹ میں ہیں، ہم ان کیساتھ بہت زیادہ Tampering نہیں کر سکتے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کلاز 11 کی Full deletion چاہتے ہیں، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب؟

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> میں سر، صرف یہ چاہتا ہوں، اگر گورنمنٹ Agree کرے، یقیناً ان کی میجارٹی ہے۔ ویسے ہم اس وجہ سے کہتے ہیں کہ کل کو جب وہ چیزیں ہاؤس میں آئیں گی، کوئی کال اٹینشن کی شکل میں آتی ہے، کوئی ایڈجرنمنٹ موشن کی شکل میں تو سر، اس میں اگر گورنمنٹ اور قاضی صاحب اس کو دیکھیں "Not in the competence of the Vice Chancellor take such action"، ایکشن تو وہ لے لے گا، اس کے بعد اگر وہ اس کو فارورڈ کرتا ہے تو ایکشن تو Already has been taken، اس میں مطلب ہے اگر 'Removal from Service Ordinance' کو بھی وہ

ایک سائڈ پر رکھ دے، اگر وہ کچھ بھی کر جائے تو 'ایمر جنسی پر وویژن' تو اس کا پاس ہو گا۔ میں نے سر، مطلب یہ سوائے صدر پاکستان کے اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے اگر یہ اختیارات ہوں گے تو اسلامی۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میرے خیال میں اختیارات، گھر چلانے کیلئے بھی آپ کے پاس ایسے اختیارات ہوتے ہیں اور اس کی وضاحت کی گئی ہے، ویسے بھی Use کر لے گا۔ یہ مجھے کہہ رہے ہیں کہ اگر کوئی مسئلہ بن جائے تو 'چیف ایگزیکٹیو آف دی پراونس' جو ہے، اس کو اختیار بھی نہیں دیا گیا، چیف منسٹر وہ اختیار Use کر کے مسئلے کا حل نکال سکتا ہے۔۔۔۔۔ لکھ کر کیوں دیتے ہو؟ میں نے کہا کہ چونکہ ایک تو ماڈل ایکٹ میں ہے اور دوسرا اگر وضاحت کر دی جائے تو اس میں نقصان بھی کوئی نہیں ہے اور اگر غلط فیصلہ ہوتا ہے تو سینٹ یا سنڈیکیٹ اس کو Reverse کرنے اختیار کار کھتی ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، نقصان اس میں یہ ہو گا کہ جب آپ ایک چیز میں اتنے Specific ہو جاتے ہیں تو اس چیز کا غلط استعمال ہوتا ہے۔ مطلب ہے ایک چیز یہ ہوتی ہے، آپ کے اتنے Laws ہیں، وہ Already exist کرتے ہیں، ایک بندہ صوبہ چلا رہا ہے، اس کے پاس 'ایمر جنسی پر وویژن' نہیں ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کیوں نہیں ہے، سر؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: مطلب ہے، مجھے کہیں پہ دکھادیں۔

Mr. Speaker: Sit down both, sit down both. The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member in sub clause (4) of Clause 11 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and the original sub clause (4) of Clause 11 stands part of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his amendment in para (v) of sub clause (5) of Clause 11 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Mr. Speaker, I beg to move that in para (v) of sub clause---------

Mr. Speaker: This is eleven, not two; of Clause 11.

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہی میں کہہ رہا ہوں نا۔ Sir, I beg to move that in para (v) of sub clause (5) of Clause 11, the words 'prescribed procedure' may be substituted by the words 'the approval of the Syndicate'.

جناب سپیکر، میرا اس میں مطلب یہ تھا کہ آپ Prescribed procedure تو بعد بنائیں گے، اس وقت تو ہمیں پتہ نہیں ہے کہ آپ کا کیا پروسیجر ہوگا؟ یہ تو پھر آپ بعد میں بنائیں گے، پتہ نہیں کہ آپ کس طریقے سے اس کو بناتے ہیں؟ تو اسلئے میں نے اس میں یہ لکھا کہ سنڈیکیٹ کی Approval سے اگر ہو جائے تو یہ معاملہ کلیئر ہو جائے گا۔ جس طرح انہوں نے کہا تھا کہ آپ کی جو 'اتھارٹی' ہے، وہ Ambiguous word ہے تو اس طرح Prescribed procedure بھی Ambiguity ہے۔

جناب سپیکر: یہ سنڈیکیٹ کی Procedural approval وہ چاہتے ہیں؟

جناب عبدلاکبر خان: نہیں سر، میں۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہمارا جو Prescribed procedure ہے سر، وہ Framing of statutes ہے جو کہ سینٹ اس کو Approve کرے گی۔ یہ اگر ختم کرتے ہیں سر، تو Vacuum بنتا ہے، ہم Oppose کر رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں نے تو ختم تو نہیں کیا ہے، میں نے تو سنڈیکیٹ کو یہ اختیار دیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ سنڈیکیٹ کو اختیار دے رہے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم کہتے ہیں کہ چونکہ اس کو ہم نے بعد میں سینیٹ سے Approve کروا کے ہی Frame کرنے ہیں Statutes سر۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، تو Frame کرنے کے بعد پھر آپ سینیٹ میں لے جائیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جب تک Vacuum بنتا ہے، اسلئے میں خلاصے میں کہہ رہا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں Vacuum کیوں بنتا ہے جی؟ میں تو آپ کو راستہ دے رہا ہوں۔ میں تو یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ یہ ختم ہو جائے۔ ویسے آپ Substitute, substitute ۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو سر، کب تک میں Legal vacuum میں بیٹھا رہوں گا؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، میں تو آپ کو Substitute دے رہا ہوں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: برائے مہربانی ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں، یہ واپس لے لیں۔

جناب سپیکر: نہیں قاضی صاحب، بہت بڑا لمبا ایجنڈا ابھی پڑا ہے تو Kindly آپ، دو دو منٹ بھی دوں گا تو آپ شام تک بیٹھے رہیں گے؟ آپ آپس میں ذرا، فوری فوری وہ کریں، یہ 57 کلازز ہیں، 57 کلازز، آپ خود سوچیں، اگر دو دو، تین تین منٹ بھی لیتے رہیں گے۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان!

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری یہ تجویز ہے کہ 'پرنسپلز آف دی بل' پہ ہم بات کر کے گورنمنٹ کے سامنے Put کرتے ہیں، جوان کو لگے کہ یہ ٹھیک ہے تو اس کو Adopt کر لیں بجائے اس کے کہ ہر ایک پہ آپ ووٹنگ کریں۔ اگر گورنمنٹ Agree کرے-----

جناب سپیکر: ہاں، ہر ایک پہ بحث کریں، بحث نہ ہو-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تاکہ ہمارا View point آجائے کہ ہم اس کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ وہ بھی ایک 'بریف سپیچ' دے دے گا اور اس کے بعد-----

Mr. Speaker: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے Okay let me finish it. The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member in para (v) of sub clause (5) of Clause 11 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr.Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and original para (v) of sub clause (5) of Clause 11 stands part of the Bill. Again Mr. Abdul Akbar Khan, MPA.

جناب عبدالاکبر خان: یہ آپ کلاز بارہ کی بات کر رہے ہیں؟

Mr. Speaker: Amendment in Clause 12.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sub clause (6).

Mr. Speaker: Sub clause (6), sub clause (6) of the Bill, please move it.

Mr. Abdul Akbar Khan: Mr. Speaker! I beg to move that in sub clause (6) of Clause 12, the words 'three-fourth' may be substituted by the words 'majority of the total membership'. Janab Speaker! the words-----

جناب سپیکر: میں سمجھ گیا، میں سمجھ گیا، Three-fourth-----

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، میں ذرا بتا رہا ہوں۔ جناب سپیکر، یہ-----

جناب سپیکر: آپ Simple majority چاہتے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں چاہتا ہوں کہ وائس چانسلر کی Removal کو اتنی سخت نہ بنائیں کہ Three-fourth members سے آپ اس کو Remove کر سکتے ہیں۔ میں نے تو اس میٹنگ میں بھی کہا تھا اور اب بھی کہتا ہوں کہ اگر میجارٹی اس کے خلاف ہے تو Three-fourth تو بہت زیادہ ہے جی، وہ تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب، قاضی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، آپ جانتے ہیں کہ ہم وائس چانسلر کو اتنا Unstable بھی نہیں کرنا چاہتے کہ وہ، Politics ویسے ہی ہماری سسٹم میں اتنی زیادہ گھس چکی ہے کہ لوگ روز Lobbying کرنا شروع کر دیں اور Simple majority سے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: Two-third کر دیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر آپ لوگوں کو، عوامی نمائندوں کو اگر کوئی مسئلہ ہو تو وائس چانسلر ہٹنا چاہے تو۔۔۔

جناب سپیکر: کیا Two-third۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: وہ گورنر صاحب کے Through آ سکتے ہیں۔ سر، اس کو اگر Lobbying کرنی ہے تو بیس پرسنٹ سے کیا فرق پڑ جائے گا؟ لہذا میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Withdraw کر لیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جی، میں تو اس کو Withdraw نہیں کر سکتا۔ پاکستان میں کوئی بھی انسٹی ٹیوشن، کسی بھی انسٹی ٹیوشن میں کسی کو ہٹانے کیلئے، آپ کو ہٹانے کیلئے، پرائم منسٹر کو ہٹانے کیلئے، پریذیڈنٹ کو ہٹانے کیلئے اتنی میجارٹی، Three-fourth majority سے آپ اس کو ہٹائیں گے۔ اگر Three-fourth majority نہیں ہے تو وہ نہیں ہٹ سکے گا، وہ بیٹھا رہے گا، اگر وہ جو کچھ بھی کرے، وہ کرتا جائے۔ میں تو کہتا ہوں جی کہ Two-third پہ کم از کم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Two-third پہ کر لیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں ریکویسٹ کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ کئی دفعہ ہم نے بھی سنی، اس کو Two-third پہ کر لینا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ماڈل ایکٹ کی بات تھی، میں آپ کے سامنے کچھ بھی نہیں کہہ سکتا، سر۔

Mr. Speaker: Okay. The motion before the House is-------

جناب عبدالاکبر خان: سر، Two-third کر لیں۔

Mr. Speaker: Two-third adopted.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: Two-third پہ قبول ہے۔ ٹھیک ہے سر، Two-third قبول ہے۔

جناب سپیکر: یہ Two-third ہوگیا۔ The amendment is dropped and original sub clause (6) of clause 12-----

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, it is converted into two-third majority.

Mr. Speaker: Is converted into two-third majority and stands part of the Bill. Again Mr. Abdul Akbar Khan, to please move his amendment in sub clause (7) of Clause 12 of the Bill.

جناب عبدالاکبر خان: سر، انہوں نے چونکہ اس کلاز کو Accept کر دیا، کم از کم Two-third پر، تو میں اس کو Withdraw کرتا ہوں۔

Minister for Higher Education: Thank you very much, Sir.

Mr. Speaker: Oh, thank you، شکر ہے amendment withdrawn; original sub clause (7) of Clause 12 stands part of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his amendment in sub clause (8) of Clause 12 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, I beg to move that sub clause (8) of Clause 12 may be deleted.

مولوی عبیداللہ: سر، یو پوائنٹ آف آرڈر پیش کوم او یوه ډیره ضروری خبره ده، مهربانی اوکړئ، یو دوه منټه ما له اجازت راکړئ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: Law making دے جی۔

جناب سپیکر: نه دا دلته لیجسلیشن شروع دے جی۔

مولوی عبیداللہ: دا ډیره ضرروی خبره ده۔ زۀ چه کومه خبره کومه، هغه ډیره زیاته ضروری ده۔

جناب سپیکر: لیجسلیشن دے بهئ، ممبر صاحب، دے پسے بیا راااوباسه۔

مولوی عبیداللہ: د اسد په ځائے ما له لږ ټائم راکوئ نو ډیره ضروری خبره ده، ډیره اهمه خبره ده جناب سپیکر،-----

جناب سپیکر: دے نه پس ئے بیا اوکړئ کنه جی۔ جی، منسټر صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ تو چانسلر کو، اس کی جنرل اتھارٹی کو ہی ختم کر دے گا اور انصاف کے تقاضے بھی پورے نہیں کرتا سر، لہذا ہم ریکویسٹ کرتے ہیں کہ ہم Oppose کریں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میرا Contention یہ ہے کہ آپ اگر اس کو دیکھیں، سر، اگر آپ (8) کو دیکھیں تو اس میں یہ ہے کہ A resolution recommending-----

جناب سپیکر: یہ کیا ہے؟ Removal of، یہ Continuity----

Mr. Abdul Akbar Khan: Yes Sir. "(8) A resolution recommending removal of the Vice Chancellor shall be submitted to Chancellor forthwith. The Chancellor may accept the recommendation and order removal of the Vice Chancellor or return the recommendation to the Senate for reconsideration."

جناب سپیکر، جب ایک دفعہ Two-third majority نے کہا کہ اس کو ہم Remove کرتے ہیں تو آپ نے وہ Two-third کو مان بھی لیا اور دوسری طرف سینیٹ میں جو Two-third ہے، انہوں نے بھی کہا کہ ہم Remove کرتے ہیں، پھر چانسلر کیوں اس کو Reconsideration کیلئے دوبارہ بھیجتا ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں سر، جب ایک فیصلہ ہو گا تو فیصلہ Implement-----

(قطع کلامی)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، جب فیصلہ کر لیا سینیٹ نے، جس نے بھی-----

(قطع کلامی)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کو Delete کر دیں----

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس میں یہ کہہ رہے ہیں کہ اس میں یہ Reconsideration والا پیرا ختم کر دیں، Reconsideration والا، مطلب ہے کہ اگر سینیٹ آپ کی Two-third majority سے پاس کرتی ہے اور اس پر مطلب ہے کہ ثابت کرتی ہے کہ اس کے خلاف یہ یہ الزامات ہیں، پھر آپ چانسلر کو یہ Extra powers کیوں دے رہے ہیں کہ وہ سینیٹ کے Two-third majority کے فیصلے کو Over rule کرتے ہوئے واپس اس کو بھیجے Reconsideration کیلئے؟

جناب سپیکر: تو کیا وہ بلڈوز کرے گا اس کو؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں نا، اسی میں تو یہی ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، چانسلر کو بہر حال اختیار ہے جی، جو بھی بات ہو گی۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، سر۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ کہ میکینزم ہم نے Devise کیا ہوا ہے کہ جب فیصلہ ہو جائے، اس کو Approval of the Chancellor کیلئے کریں گے اور سر، Naturally اگر اس وقت کوئی گورنمنٹ نہیں ہو گی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، ہم کہتے ہیں سر،۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کونسا ایسا ظالم چانسلر ادھر بیٹھا ہو گا جو سینیٹ کی بات نہیں مانے گا؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، ظالم کی بات نہیں ہے۔ دیکھیں جی، ظالم کی بات نہیں ہے۔ آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کیا (b) (2) 58 لگ رہا ہے آپ کو؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو اس سے بھی سخت ہے جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں، سر۔

جناب سپیکر: تو اس سے بھی سخت ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ کہہ رہے ہیں کہ جب فیصلہ ہو جائے تو بس وہ پھر فیصلہ ہے، اس کو Implement کرنے کیلئے چانسلر کو نہیں بھیجنا چاہیئے، بس وہ فیصلہ ہو جائے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس پر بھیجیں گے لیکن سر، 'May' اس میں لفظ لکھا ہوا جی اور اس کو یہ اختیار دے رہے ہیں کہ وہ کر سکتا ہے یا اس کو واپس Reconsideration کیلئے بھیج دے، چانسلر کا اختیار ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں کہتا ہوں کہ جب آپ نے (7) میں Two-third سے کیا، (6) میں سینیٹ نے Two-third سے کیا، جب دونوں نے Two-third سے یہ فیصلہ کر دیا کہ اس کو Remove کرو تو پھر آپ ایک ایسے شخص کو یہ اختیار کیوں دیتے ہیں کہ وہ دونوں فیصلوں کو Over rule کرتے ہوئے Reconsideration کیلئے۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ سینیٹ کی اتھارٹی کو چیلنج کر رہے ہیں۔ سر، وہ چانسلر ہیں، وہ چانسلر ہیں، ان کو بھیجیں نا۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، وہ نہیں، تو پھر۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آپ نے نیچے، چانسلر نے ہی سینیٹ بنایا، سنڈیکیٹ بنایا، سب نے فیصلے کئے تو اس فیصلے کے بعد چانسلر کو بھجوایا گیا۔

جناب سپیکر: House, Attention please; House, Attention please، یہ اتنی اہم لیجسلیشن ہو رہی ہے اور آپ میں سے کوئی دلچسپی نہیں لے رہا۔ Kindly اس طرف ذرا متوجہ ہو جائیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، آپ ایک کمیٹی بناتے ہیں، بااختیار کمیٹی بناتے ہیں، اس میں ہم Consensus سے فیصلہ کرتے ہیں، کیا ہم ہاؤس کے پاس نہیں لائیں گے؟ بااختیار چانسلر ہیں، وہ فیصلہ Implement کرنے یا نہ کرنے کا اختیار چانسلر کا ہے، ورنہ ہر ایک چیز سر، بس لوٹوں سے کرائیں، کوئی ہیڈ آف دی انسٹی ٹیوشن نہ بنائیں، بس ٹھیک ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: اب اگر اس طرح ہو جائے کہ سپیکر یا چیف منسٹر کے خلاف ایک Vote of no confidence یہاں پر پیش ہو جائے، وہ Vote of no confidence پاس ہو جائے تو پھر کس طرح، وہ کونسی اتھارٹی ہے کہ وہ کہتی ہے کہ اسمبلی کے پاس دوبارہ Reconsideration کیلئے بھیج دو، وہ تو پھر ختم ہو گیا۔ دیکھیں نا، آپ (6) اور (7) دونوں میں Two-third majority سے اختیار دیتے ہیں کہ وہ اس کی Removal کی ریزولیوشن پاس کریں، اگر وہ ریزولیوشن Two-third majority سے دونوں انسٹی ٹیوشنز پاس کرتے ہیں تو پھر ایک اتھارٹی، ایک شخص کو آپ کیوں کرتے ہیں کہ آپ اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب، Agree کر رہے ہیں یا نہیں کر رہے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں سر، اس کو ہم Oppose کر رہے ہیں، Disagreed جی۔

جناب سپیکر: نہیں کر رہے ہیں؟

Minister for Higher Education: Disagreed, ji.

جناب سپیکر: ہاں؟

Minister for Higher Education: Opposed.
Mr. Speaker: Let me put it to the House.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس کو Present۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں کہہ رہا ہوں کہ آپ نے تو سینیٹ کو ختم کر دیا، سب کو تو ختم کر دیا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں کہتا ہوں کہ اتھارٹی ہے چانسلر کی، چانسلر کی اتھارٹی ختم نہیں کر رہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، کیسے کرتے ہیں، یہ کیسے چلے گا، کیسے چلے گا؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Withdraw کر لیں، پلیز۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، سر۔

جناب سپیکر: اچھی Arguments آپ نے بھی کیں۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ سر، صرف ایک word 'Reconsideration' اگر مان لیں، باقی میں Withdraw کر لوں گا۔

جناب سپیکر: کیا؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ 'Reconsideration to the Senate'، دوبارہ جو غور-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، تھوڑا سا اس کا اگر آپ بیک گراونڈ جاننا چاہتے ہیں تو-----

جناب سپیکر: نہیں، اس میں اگر دو جگہ-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، آپ کو پتہ ہے کہ سینیٹ کی کیا پوزیشن ہے؟ ہم سارے سیاسی لوگ ہیں سر، اس میں-----

جناب سپیکر: نہیں، اگر بہت ڈکٹیٹر شپ اس میں آ رہی ہے تو کیا ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ڈکٹیٹر شپ نہیں آ رہی۔ سر، Politicized system ہے۔

Mr. Speaker: بس چھوڑیں، اب مجھے چھوڑ دیں۔ The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member in sub clause (8) of Clause 12 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and the original sub clause (8) of Clause 12 stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 13 to 14 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 13 to 14 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 13 to 14 stand part of the Bill. Amendment in Clause 15: Mr. Israrullah Khan -----

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Sir,-----

Mr. Speaker: Just a minute, to please move his amendment in sub clause (4) of Clause 15 of the Bill. Mr. Israrullah Khan.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری گزارش یہ ہے، جیسے آپ نے پہلے مجھے کہا کہ جو ہمارا Point of view ہے، اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں۔ منسٹر صاحب سن لیں، جس کیساتھ وہ Agree کریں گے، میں صرف وہ لے آؤں گا اور اس کے علاوہ جو ہے، اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کیا ہے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: مطلب ہے، اس میں 'پیرا وائز' جانا نہیں پڑے گا۔

جناب سپیکر: یہ Renewal period کو آپ وہ۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ مجھے اجازت دیں، میری جتنی بھی Amendments ہیں اور جس سوچ کیساتھ میں لایا ہوں، اس کی ایک تشریح میں ہاؤس کے سامنے رکھ دوں گا۔ منسٹر صاحب جس کیساتھ Agree کر لیں گے، باقی میری آپ Withdraw سمجھ لیں گے۔ ٹھیک ہے، پھر میجارٹی تو ہے، Already تو پاس ہونا ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، Onw by one آجائیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: One by one میں ٹائم تو پھر آپ کا لگے گا۔

جناب سپیکر: ٹائم تو ضائع ہو گا۔ منسٹر صاحب، منسٹر ہائیر ایجوکیشن، کیا کہتے ہیں آپ؟ پہلے تو آپ Move کریں نا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں کہتا ہوں کہ میں ساری اکٹھی آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب کیا کہتے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ایک سپیچ کرنا چاہتے ہیں Generally میرے خیال میں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: بالکل۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ ہاؤس کو بتانا چاہتے ہیں کہ اس قانون کے بارے میں میرے یہ Views ہیں تو پھر عبدالاکبر خان صاحب کا بھی ضرور Point of view ہو گا۔ سر، تھوڑا تھوڑا، اگر ایک ایک منٹ ان دونوں کو دے دیں۔

جناب سپیکر: یہ پورا Rhythm ہماری لیجسلیشن کا خراب ہو جائے گا، پہلے Move کریں جی۔

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Okay. Sir! I beg to move that in sub clause (4) of Clause 15 the words 'and may be renewed from time to time' may be deleted.

سر، یہ 'کنٹرولر آف ایگزامینیشن' کے متعلق ہے اور اس کا جو ٹائم ہے، مطلب ہے اگر ایک بار جب وہ بن جائے گا، انہوں نے لکھا ہے کہ 'May be renewed from time to time'، اس پہ کوئی Bar نہیں ہے۔ سر، میں چاہتا ہوں کہ یہ جو Phrase ہے، اس کو ہٹالیں۔

جناب سپیکر: 'Time to time' کو ہٹانا چاہتا ہے۔ قاضی صاحب! آپ کیا کہتے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ اگر 'Time to time' ہٹادیں تو پھر تو اس کا مطلب ہو گا کہ وہ تین سال کیلئے ہے اور اس کے بعد بس اس کا Tenure ختم ہو جائے گا، پھر میں دوبارہ ایڈورٹائز کروں گا، دوبارہ لاؤں گا۔ اگر وہ ٹھیک کام کر رہا ہے تو میں کیوں نہ اس کو Renew کر سکوں؟ Extension آپ دیتے ہیں سر، آپ As Head of the Department, Head of an Institution and Head of the Body سوچ کر بات کریں۔ ہم اس کو Rephrase کر سکتے ہیں، میں اسرار خان کیساتھ یہ کر سکتا ہوں، عبدالاکبر خان بھی میری مدد کریں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ Renewable contract of three years، یہ چیز ہم لا سکتے ہیں جی کہ ان کا جو کنٹریکٹ ہو گا، وہ Renewable ہو گا تین سال کیلئے۔

Mr. Speaker: Agreed.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: مطلب ہے کہ ایک ٹائم پیریڈ ہو جائے گا کہ وہ چھ سال سے، پھر بعد میں Exist نہیں کرے گا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں۔

جناب سپیکر: آخر یہ بھی پکا مافیا ہوتا ہے، جب ایک دفعہ چپک جاتا ہے تو پھر اس سے کوئی جان نہیں چھڑا سکتا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم اس میں یہ Amendment مان سکتے ہیں کہ ہم اس کو Rephrase کر دیں۔

Mr. Speaker: Renewable-------

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ اگر میں آپ کیلئے پڑھ لوں۔ میں سر، آپ کیلئے پڑھ لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: Wording آپ بتائیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، ایسا ہو جائے گا۔ (4) ہے سر، "The term of office of the Controller of Examinations shall be three years and may be renewed for other three years".

جناب سپیکر: 'May be renewed for'، قاضی صاحب، بتائیں۔

Mr. Israrullah Khan Gandapur: For next three years.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اس کو اگر ہم اس طرح کر دیں کہ 'The term of office of the Treasurer shall be three'-----

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Controller, Controller.

جناب سپیکر: پھر Three years کے بعد بتائیں کیا ہو گا، کیا لکھیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس میں ہم یہ کرتے ہیں کہ وہ 'May be renewed'-----

جناب سپیکر: 'May be renewed' تو یہ تو Same چیز ہو گئی، 'Time to time' پھر کیا فرق آ گیا؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، 'Time to time' تو میں اس کو یہ اجازت دینا چاہ رہا تھا کہ-----

جناب سپیکر: مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے آپ دونوں کی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ان کے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ ہمیشہ کیلئے کہیں ایک Cycle شروع ہو نہ جائے کہ تین تین سال، تین سال وہ چلاتے، تو اسلئے کہہ رہے ہیں کہ ہم اس پر Agree کر سکتے ہیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: For next year کر دیں آپ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اس میں پھر آپ Bar لگا دیتے ہیں نا۔ Bar نہ لگائیں کہ پھر وہ تین سال کے بعد نہ کریں۔ صرف آپ اتنا اس کو کر دیں 'May be renewed' اور اس کا جو باقی حصہ ہے 'From time to time'، اس کو ہٹا دیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ بھی ٹھیک ہے 'And may be renewed'، مطلب ہے ضروری نہیں ہو گا کہ اس کو Renew کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ From time to time اگر ہٹا دیں تو بس ان کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: یہ اس طرح کر لیتے ہیں کہ 'May be renewed'، بس یہ 'From time to time' ہٹا دیتے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بالکل سر، 'From time to time' کو کاٹ دیں، سر۔

جناب سپیکر: ایک آپشن کھلا رہے گا، اگر کوئی کرنا چاہے تو ٹھیک ہے۔

Minister for Higher Education: Thank you Mr. Speaker, honourable Sir.

Mr. Speaker: As agreed mutually, the original sub clause (4) of Clause 15 with amendment stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 16 to 18 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 16 to 18 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 16 to 18 stand part of the Bill. Amendment in Clause 19:-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اب کلاز 19 کی طرف آتے ہیں۔ اوس بیا عبدالاکبر خان، وایہ۔ Mr. Abdul Akbar Khan to please move his amendment in para (1) of sub clause (1) of Clause 19 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Janab Speaker! I beg to move that in para (i) of sub clause (1) of Clause 19 after the words 'five University teachers' the words 'to be elected by respective body'.

جناب سپیکر، انہوں نے جو طریقہ دیا ہے، اس میں جو (3) میں دیا ہے کہ "Appointments of persons described in sub clauses (f) and (h) of sub-section (1) shall be made by the Chancellor from amongst a panel of three names for each vacancy recommended by the Representation Committee set up in terms of section 26"، جناب سپیکر، میرا مقصد یہ تھا کہ -----

جناب سپیکر: یہ کیا ہے؟ یہ لیکچررز اور ٹیچرز کی اپوائنٹمنٹ ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں سر، یہ سینیٹ کی Composition کی بات ہے۔

جناب سپیکر: جی؟

جناب عبدالاکبر خان: سینیٹ کی جو Composition ہے، اس کی بات ہے کہ سینیٹ کیسے بنایا جائے گا تو انہوں نے پانچ یونیورسٹیز اور جو ٹیچرز ہیں، ان سے کہا کہ یونیورسٹی میں سے پانچ ٹیچرز لیے جائیں گے۔ پہلے وہ تھا کہ وہاں پر 'باڈیز' ہیں، جو مختلف 'باڈیز' ہیں، وہاں پر جو پروفیسرز ہیں، ان کی الگ 'باڈی' ہے اور لیکچررز کی الگ 'باڈی' ہے-----

جناب سپیکر: آپ اس کی Addition چاہ رہے ہیں کہ وہ 'باڈیز' ----

جناب عبدالاکبر خان: میں صرف یہ چاہ رہا ہوں کہ ان کو یہ پاور دے دیں۔

جناب سپیکر: ان Five کو؟

جناب عبدالاکبر خان: مطلب ہے کہ جو 'باڈیز' ہیں، وہاں پر Elected bodies ہیں، جو ٹیچرز کی-----

جناب سپیکر: یہ Five یونیورسٹی ٹیچرز جو ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، وہ جو پروفیسرز کی 'باڈی' ہے----

جناب سپیکر: یہ پاور ان کو دیا جائے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، میں کہتا ہوں کہ وہ Nominate کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ جو Respective body ہے، یہ Ambiguous ہے، We oppose it, Sir.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، Ambiguous اس میں کیا ہے؟ سر، یونیورسٹی میں پروفیسرز کی اور لیکچررز کی ایک Elected body ہوتی ہے-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس میں صاف لکھا ہوا ہے کہ پانچ یونیورسٹی ٹیچرز ہوتے ہیں، میرے خیال میں That is sufficient۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ دیکھیں نا، آپ پانچ یونیورسٹی ٹیچرز کو کیسے لیں گے؟ آپ جو طریقہ بتا رہے ہیں سب سیکشن (3) میں، وہ آپ بتا رہے ہیں کہ Representation Committee تین تین نام چانسلر کے پاس بھیجے گی اور چانسلر پھر اس میں سے ٹیچرز کا انتخاب کرے گا تو میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اسی یونیورسٹی میں ٹیچرز کی جو Elected body ہے، اسی کو یہ سب کیوں نہیں دیتے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، وہ Elected body نہایت مقدم ہے لیکن ہم اس کو Oppose کر رہے ہیں، سر، اس Respective body کو، وہ Ambiguous ہے، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: Ambiguous نہیں ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: Ambiguous ہے۔ سر، اس Respective body کے کہنے پر نہیں لگانا چاہتے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں کہتا ہوں کہ Elected body کے کہنے پر لگائے جائیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں اسی لئے کہتا ہوں کہ سیاست کو ہر چیز میں نہ ڈالا جائے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، سیاست تو ہو رہی ہے اس میں۔ کس یونیورسٹی میں اور کس کالج میں Elected body نہیں ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جب قانون میں نہیں ہے، پھر بھی ڈال دوں۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، قانون میں ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یا آپ کے کہنے پر ووٹنگ کروا دوں؟

جناب عبدالاکبر خان: ان لوگوں کی اجازت سے آپ کر دیں۔ اب چانسلر کو کیا پتہ کہ کونسا پروفیسر اچھا ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: پھر اس طرح کریں کہ یہاں پر اسی ہاؤس سے وائس چانسلر بھی بنوایا کریں اور یہیں پہ فیصلے کیا کریں، سر۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ Five ٹیچرز اس میں سے ہونگے؟

جناب عبدالاکبر خان: اسی میں سے ہونگے لیکن اس میں انہوں نے جو اختیار دیا ہے، وہ Representation Committee کو دیا ہے کہ وہ تین ممبرز چانسلر / گورنر کے پاس بھیجیں گے اور گورنر ہر پوسٹ کیلئے، انہوں نے کہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ پانچ ہیں، تو یہ پندرہ نام بھیجیں گے، ہر تین میں ایک نام انہوں نے (f) اور (h) دونوں میں کیا ہے تو تین ناموں سے ایک نام وہ سلیکٹ کریگا۔ میں صرف یہ ریکویسٹ، میں ان Five ٹیچرز کے Against نہیں ہوں، یہ بالکل ان کا حق ہے کہ وہ سینیٹ میں رہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ وہاں پر جو Elected body ہے ان پروفیسرز اور یا ٹیچرز کی، وہ اپنے میں سے ایک یا پانچ نام یا جو نام بھی آپ کہتے ہیں، وہ زیادہ جانتے ہیں کہ کون ان کو Represent اچھا کر سکتا ہے۔ سینیٹ میں آپ ٹیچرز کو کیوں ڈال رہے ہیں؟ آپ اسلئے ڈال رہے ہیں کہ وہاں پر جو ٹیچرز ہیں یا پروفیسرز ہیں، ان کے مفادات کا خیال رکھا جائے، اسلئے ان کو آپ اس سینیٹ میں Representation دے رہے ہیں۔ جب آپ Representation اسی لئے دے رہے ہیں کہ وہ ان کے مفادات کا خیال رکھیں تو ان لوگوں کے کہنے پر کیوں نہیں کر رہے کہ جو لوگوں کے مفادات کیلئے وہاں پر ہونگے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ سیاست ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، سیاست کا کیا مطلب ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہم اسے Oppose کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member in para (i) sub clause (1) of Clause 19 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and original para (i) of sub clause (1) of Clause 19 stands part of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan, again.

جناب عبدالاکبر خان: میری پہلی والی اگر Move ہوتی تو پھر (3) کی ضرورت نہ ہوتی۔

Mr. Speaker: Ji, withdrawn?

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں اس کو اسلئے Delete کر رہا تھا کہ اگر میری پہلی والی موشن پاس ہو جاتی تو پھر (3) Para کی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ پھر وہ اختیار ادھر Respective body کے پاس چلا جاتا۔ چونکہ اب وہ آپ نے ووٹ کیلئے ڈال کر اس کو حکومت نے Kill کر دیا ہے تو میں یہ چاہتا ہوں کہ پھر اس کو میری ضرورت ہی نہیں رہی۔

Mr. Speaker: Amendment withdrawn in protest and original second proviso to sub clause (3) of Clause 19 stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 20 to 22 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 20 to 22 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 20 to 22 stand part of the Bill. Amendment in Clause 23: Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move for addition of a new para (v) after (u) in sub clause (2) of Clause 23 of the Bill. Mr. Abdul Akbar Khan.

Mr. Abdul Akbar Khan: سر، میں بہت تھک گیا۔ I beg to move that after para (u) in sub clause (2) of Clause 23, a new para (v) may be added, namely: '(v) propose to the Syndicate schemes for the constitution and organization of Faculties, Teaching Departments and Boards of Studies'.

جناب سپیکر، میں اس میں ایک نیا پیراAdd کرنا چاہتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ اب یہ جو سکیم ہے، وہ Propose کریں اور سنڈیکیٹ کے پاس بھیج دیں اور میرے خیال میں اس پر حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

جناب سپیکر: کیا قاضی صاحب،! کچھ سنڈیکیٹ کو More powers دینے کے حق میں ہیں آپ یا نہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہیں لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ Already exist کر رہا ہے۔ Para (6) اور 25 Sub clause (2) of Clause آپ پڑھ لیں سر، اس میں Already ہے۔ یہ Duplication ہو جائے گی، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: کونسا؟

Minister for Higher Education: Para (6) of sub clause (2) of Clause 25.

Mr. Speaker: Para?

Minister for Higher Education: Para (6) of sub clause (2).

جناب عبدالاکبر خان: 25 کا(6) Para ہے نہیں۔ 25 میں تو (6) ہے نہیں، دو سب سیکشنز ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہے اس میں۔

Mr. Speaker: (5) of 23….

جناب عبدالاکبر خان: 25 کا یہ کہہ رہے ہیں کہ 25 میں-----

Mr. Speaker: 23.

جناب عبدالاکبر خان: یہ کہہ رہے ہیں کہ (6) میں، یہ جو میں کہہ رہا ہوں، یہ Cover ہے تو 25 میں (6) ہے ہی نہیں۔ 25 میں سارے دو سب سیکشنز ہیں، یہ کہیں اور ہوگا، یہ (d)، (b) ہوگا، یہ کوئی (d)، (b) ہوگا۔

Mr. Speaker: There is no (6) in 25.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, there are only two sub-sections in 25.

جناب سپیکر: جی؟

Mr. Abdul Akbar Khan: There are only two sub-sections in 25.

Mr. Speaker: Para (2).

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، In para (2) نہیں-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ کہہ رہے ہیں کہ-----

Mr. Speaker: There are only two, no para (6).

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ اگر مہربانی کرکے یہ Withdraw کرلیں۔
جناب سپیکر: یار! آپ خالی Withdraw کیوں کروا رہے ہیں ہر چیز؟ تھوڑا سا اس پہ، اگرچہ۔۔۔۔۔
وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ مجھے پھر بحث کرکے بتائیں ناجی۔
جناب سپیکر: نہیں، آپ لوگوں کو میں نے اتنے دن بٹھایا تھا، آپ لوگوں نے ادھر کیا Decide کیا تھا؟
وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم سارے تو ڈیبیٹ کرنے کے بعد اس بات پہ پہنچے تھے کہ۔۔۔۔۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔
جناب سپیکر: جی جی، ثاقب خان صاحب، څه حل را او باسه۔
جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: زۀ دا ریکویسټ کوم جی۔ مسئله دے 'بل' کښے دا ده چه منسټر صاحب، عبدالاکبر خان، سردار صاحب او مونږه ټول د کمیټۍ ممبران کیښناستو او د هغے هر یو Amendment باندے مونږه لاړو، په دے باندے بحث اوشو چه یره دا Amendment به مونږه Incorporate کوؤ او دا به نه کوؤ۔ هغه هر څه چه اوشو جی۔ دا منسټر صاحب هم منله خو چه بیا 'بل' راغلو، هم هغه زوړ 'بل' راغلو او زمونږه چه څومره بحث شوے وو، هغه یو ورکښے هم Incorporate نه شو نو دا مسئله د دے وجے نه جوړه شوے ده۔ مونږه سر، د اختر په ورځ باندے، درے څلور ورځے پرے تیرے کړے۔۔۔۔
جناب سپیکر: میں سمجھ گیا، میں سمجھ گیا۔ شکریہ، ثاقب خان۔ This is breach of trust. قاضی صاحب!۔۔۔۔
جناب عبدالاکبر خان: جناب، ہمارے ساتھ ایگریمنٹ ان کا ہوا ہے۔
جناب سپیکر: میں، Qazi Sahib, this is breach of trust، آپ لوگوں نے جو آپس میں Agree کیا، Why is it not coming on the table?
وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں آپ کو یہ بتا رہا ہوں کہ وہ ایک Unofficial بات تھی، میرا ان کیساتھ Commitment تھا لیکن جب یہ لاء کے پاس گیا تو وہاں اس پہ یہ Objection آئی کہ ایک ماڈل جو آپ کا ایکٹ ہے، اس کی روشنی میں سر، یہ ابھی جو مجھے بتا رہے ہیں کہ اس میں صرف، اس کا دوسرا حصہ نہیں ہے، وہ آپ (c) پڑھ لیں، میرے خیال میں عبدالاکبر خان کو (c) میں وہ چیز مل جائے گی۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میرے خیال میں انہوں نے (6) کا کہا تھا، (c) کا نہیں کہا تھا۔ اگر آپ ابھی Revise کریں تو آپ دیکھ لیں گے کہ انہوں نے (6) کا کہا تھا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں نے ضرور کہا ہے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: پھر میں نے یہ کہا تھا کہ (6) اس میں ہے نہیں، سب سیکشن۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: بالکل سر، یہی انہوں نے کہا لیکن جو Amendment propose کر رہے ہیں، وہ ادھر (c) میں Covered ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہی تو پرابلم ہمارے ساتھ ہوتا ہے کہ وہاں پر کمیٹی میں ہمارے ساتھ جو ایگریمنٹ ہوا، پھر 'بل' میں وہی چیزیں ادھر نہیں لائی گئیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میرا خدا جانتا ہے۔ سر، یہ آئے نہیں ہیں۔ سر، ٹائم نہیں دے رہے تھے۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ خود ڈال رہے ہیں، یہ وہ 'بل' نہیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، یہ اگر وہ 'بل' نکالیں تو اس میں یہ نہیں ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ٹائم نہیں دے رہے تھے، اس وقت یہ جا رہے تھے مجھے چھوڑ کے، میں نے بڑی منت کر کے انہیں بٹھایا تھا۔

جناب عبدالاکبر خان: ته پچیس را او با سه؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں نے بڑی مشکل سے انہیں بٹھایا تھا۔ سر، یہ نہیں بیٹھنا چاہ رہے تھے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ دیکھیں، یہ جو Amendment propose کی تھی، آپ اس کا (c) دیکھیں اور اس کا (c) دیکھیں، یہی تو فرق ہے۔ ہم اس پر بہت Confuse ہو گئے، یہ Amendment ہم بڑی Confusion میں لائے ہیں۔ سر، اب اس کا جو (c) ہے تو وہ ہے، 'Propose to the policies pertaining to students related functions, students related functions'، اب اس میں یہ ہے اور یہاں پر 'Propose to the Syndicate schemes' سر، اس میں چونکہ یہ چیز نہیں، یہ اب انہوں نے Subsequently اس میں ڈال دی ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کس میں، آپ نے یہ 'بل' نہیں پڑھا تھا؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ (c) تو میں کہہ رہا ہوں کہ اب ادھر (c) میں یہ کچھ اور ہے، اس (c) میں کچھ اور ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، آپ نے یہ 'بل' پڑھنا تھا نا جو 'بل' ہم نے آپ کو دیا تھا۔ سر، آپ پرانا ایکٹ کیوں پڑھ رہے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ نے تو اسے ہمارے لئے ٹیبل پر رکھا تھا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں نے آپ کیساتھ، یہ تو میں نے Extract رکھ دیا تھا۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں نے تو یہ کہا تھا، میں نے یہ پڑھا ہے، یہ دوسرا ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں نے پرانا Extract دیا تھا، Extract تو سب نے پڑھا ہے لیکن وہ 'بل' نہیں پڑھ سکے-----

جناب عبدالاکبر خان: سر، بات یہ ہے کہ ہم نے-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: لہذا میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کی بات پوری ہو گئی ہے، یہ مہربانی کر کے Withdraw کریں۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! آپ Satisfy ہیں اس سے، Include کریں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: عبدالاکبر صاحب فرما رہے ہیں، جو پہلا ایکٹ میں نے پڑھا تھا، اس میں (c) نہیں تھا، یہ ہم نے ان کی-----

جناب عبدالاکبر خان: (c) تو تھا لیکن یہ (c) نہیں تھا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ الفاظ نہیں تھے ہماری 'بل' میں؟ سر، انہوں نے 'بل' نہیں پڑھا تھا، Extract پڑھا تھا۔

جناب سپیکر: ابھی کیا پوزیشن ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہم مانتے ہیں، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ Amendments ہم نے اس 'بل' میں جمع کئے تھے، جب 'بل' آیا تھا۔ اب جب ان کیساتھ بات ہوئی تو انہوں نے ہمارے ساتھ Concede کیا تھا۔ جناب سپیکر، اب یہ چیز انہوں نے (c) میں ڈال دی تو ادھر جو (c) ہے، وہ کچھ اور کہہ رہا ہے، وہ (c) نکل گیا ہے، وہ (c) نکل گیا ہے-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، مجھے بتائیں، ابھی کہتے ہیں کہ کوئی بات نہیں مانی، پھر کہتے ہیں ڈال دی تھی۔ انہوں نے سر، ابھی یہ پڑھا ہوا ہے، سر، یہ Extract پڑھ رہے ہیں-----

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، نہیں، یہ کوئی اور (c) ہے۔ یہ (c) آپ دیکھیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ Extract پڑھ رہے تھے جو ہم اس سے ختم کر رہے ہیں۔ 'بل' یہ ہے جو ایجنڈا کیساتھ لگا تھا۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ آرڈیننس جو، یہ اپنے 'بل' کیلئے۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ایجنڈا میں یہ Words ڈالے ہوئے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: آرڈیننس خود آپ نے 'بل' کر دیا نا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم نے ہر دفعہ کہا کہ آرڈیننس یہ تھا، Amendment کی ہے، تو آیا ہے نا، سر۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: بیٹھ جائیں، آپ سب بیٹھ جائیں۔ The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آپ یہ بھی نہیں مان رہے کہ ہم نے اس میں Incorporate کی ہے۔

Mr. Speaker: Amendment withdrawn, original sub clause (2) of Clause 23 stands part of Bill. تاہم میری ایک ریکویسٹ ہو گی کہ جو بھی چیز کمیٹی میں ایک دفعہ آپ ڈسکس کر لیں، ایک Consensus build up ہو جائے تو kindly اس کو آنر کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ڈالا ہوا ہے، جس بات سے یہ بات اٹھی تھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: This is a standing ruling کہ جس چیز پر بھی آپ ادھر Consensus کیساتھ متفق ہو جائیں تو اس کو آنر کریں، شکریہ۔ Amendment in Clause 24: Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his amendment in para (b) of sub clause (1) of Clause 24 of the Bill.

Mr. Abdul Akbar Khan: Janab Speaker! I beg to move that in para (b) of sub clause (1) of Clause 24 for the words 'such Heads of Departments as may be prescribed' the words 'all Heads of Departments and all Professors' may be substituted.

جناب سپیکر: یہ سارے 'ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹس' کو اس میں Include کرنا چاہ رہے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب، اس میں کیا ہوگا؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ میں ان کی یہ Amendment تسلیم کرنے کیلئے تیار ہوں۔

Mr. Speaker: Oh, thank you.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you ji.

(Laughters)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment moved by the honourable Member in para (b) of sub clause (1) of Clause 24 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سپیکر صاحب، میں ایک ریکویسٹ کرنا چاہتا ہوں، اگر اجازت ہو جی۔

جناب سپیکر: ابھی بہت کام ہے جی، بہت کام ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی سر، میں ریکویسٹ یہی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں ابھی بہت کام ہے، اس کے بعد۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں سر، یہ ریکویسٹ اسی بارے میں کر رہا ہوں۔ سر، جنہوں نے Amendments move کی ہیں، آنریبل ممبرز نے، ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ Withdraw کر لیں، ہاؤس کا بھی ٹائم بچ جائے اور ہم کر سکتے ہیں۔ سر، یہ پہلے بھی اس ہاؤس میں ہوتا رہا ہے، عبدالاکبر خان جانتے ہیں۔ میری آنریبل دوستوں سے یہ Humble request ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں تو مٹھائی بھی کھلادونگا اگر ایسا ہوگیا لیکن نہیں ہوگا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں سر، انشاء اللہ مانیں گے جی، انشاء اللہ ہم سب ریکویسٹ کریں گے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: چلیں، ابھی تھوڑا سا صبر کریں۔ Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 25 to 27 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 25 to 27 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 25 to 27 stand part of the Bill. Now amendment in Clause 28:

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ کا ٹائم ابھی آگیا، یہ کیا ہے؟ Want deletion? Mr. Abdul Akbar Khan, to please move his amendment in Clause 28 of the Bill.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, I withdraw this amendment.

Minister for Higher Education: Thank you very much, Sir.

جناب عبدالاکبر خان: میں Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Amendment withdrawn. Original Clause 28 stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by honourable Members in Clauses 29 to 39 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 29 to 39 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 29 to 39 stand part of the Bill. وہ جو آپ لوگ گئے تھے، ممبران صاحبان کے پیچھے، نہیں آئے وہ؟

جناب عالمزیب: جناب سپیکر صاحب، داسے دہ چہ پرون کلہ زمونږ دا اجلاس ختم شو، جناب سپیکر، پرون چہ کلہ زمونږہ اجلاس ماښام ختم شو نو دلتہ نہ زمونږہ د اپوزیشن کوم مشران چہ وو، ھغہ او زمونږہ چیف منسټر صاحب، زمونږ د پارلیمانی پارټئ لیډران صاحبان لاړل او دننہ دوئ کښیناستل او دوہ درے گھنټے یو ډیر غټ میټنګ اوشو نو د ھغے نہ داسے ښکاری چہ نن څنګہ د اپوزیشن مشران لاړل او دا دومرہ غټ لیجسلیشن ئے پریښودو نو زۂ خو نہ پوھیږم چہ آیا دننہ داسے څہ خبرہ شوے دہ چہ ھغوی دا ټول کسان دے تہ تیار کړل چہ ھغوی پہ یو وړہ، څنګہ چہ زمونږہ مشرانو وینا اوکړلہ چہ زما پہ دغہ ډسټرکټ مردان کښے چہ کوم پوسټنګ ټرانسفر شوی دی، پہ ھغے باندے ھغہ پاڅیدو او احتجاج ئے اوکړو او زمونږہ ټول اپوزیشن لیډران او مشران صاحبان ھم لاړل اووتل۔ داسے خبرہ راتہ ښکاری چہ پہ دیکښے څہ خاص خبرہ بہ ئے ھم شاملہ وی چہ نن کوم د خیبر بینک بارہ کښے او کوم چہ دوئ پوسټرے او سټیکر

راوړے دی، په دیکښے دا ضروری ده جی چه دا هاؤس ته پته اولګی چه دا کومه خبره شوے وه او په څه طریقه باندے دوئ تلی دی او دغه شوی دی؟

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، یہ اس کے بعد Consider کریں گے، ابھی یہ لیجسلیشن مجھے Complete کرنے دیں۔

جناب عالمزیب: مهربانی اوکړئ، د دے لږ وضاحت اوکړئ۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! مجھے صرف پانچ منٹ دے دیں، بہت ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: Ji Israrullah Khah, amendment in Clause 40: to please move-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، پانچ منٹ دے دیں، مجھے پانچ منٹ دے دیں۔ سر، اس میں یہ کلاز 40 جو ہے، اس پہ میں زور نہیں دیتا کیونکہ یہ Assets کے متعلق تھا اور چونکہ ثاقب خان نے تشریح کر دی ہے کہ وہ اوریجنل اسلامیہ کالج ہی رہے گا، اس پہ میں زور نہیں دیتا، آگے چل کر اس میں، میں یہ Briefly پڑھ لیتا ہوں، آپ کا ٹائم بچانے کیلئے-----

جناب سپیکر: نہیں، یہ والی Withdraw کرتے ہیں آپ؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ میں Withdraw کرتا ہوں اور آگے بھی پڑھتا جاتا ہوں، گورنمنٹ جس کیساتھ Agree کر لیں، وہ رکھ لیں، باقی-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس کیلئے ہمیں بھی دو منٹ دے دیں۔ سر، یہ بات کر لیں دونوں۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ اپنا View point دیدیں، پھر میں ان سے ریکویسٹ کرونگا View point دینے کے بعد۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: Withdraw کر لیں گے۔

جناب سپیکر: دیکھیں، یہ Legislation ہے، مجھے Point to point چلنے دیں، Clause to clause چلنے دیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر یہ Withdraw کر لیں تو پیرے آپ پڑھتے رہیں گے اور ہاؤس سے 'Yes' کراتے رہیں گے۔

جناب سپیکر: خیر ہے، خیر ہے، ایک ایک پہ کرتے جائیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، کلاز 40 میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: As this amendment is withdrawn, original Clause 40 stands part of the Bill. Since no amendment has been moved in Clauses 41 to 44 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 41 to 44 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 41 to 44 stand part of the Bill. Amendment in Clause 45: Mr. Israrullah Khan Gandapur Sahib, to please move his amendment in Clause 45.

Mr. Israrullah Khan Gandapur: Sir, I beg to move that in Clause 45 the words 'shall commence from such date as may be prescribed' may be deleted.

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری گورنمنٹ سے یہ گزارش ہے-----

Mr. Speaker: Please tell briefly what is the purpose of this amendment?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری گزارش ہے کہ 'Term of office of the members of Authority'، اس کی Commencement یہ کہتے ہیں کہ 'May be prescribed'، تو میں یہ کہتا ہوں کہ جس دن سے وہ اپوائنٹ ہو جاتا ہے تو بس اسی دن سے اس کا Count ہوگا، جس دن سے وہ اپوائنٹ ہو جاتا ہے، یہ 45 میں "Commencement of term of office of Members of Authority"-----

جناب سپیکر: اس کی مجھے خود سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ قاضی صاحب! جس دن سے اپوائنٹ ہو گیا، اس سے-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اسی دن سے وہ شروع ہو جائیگا۔ یہ کہتے ہیں کہ "Shall commence from such date as may be prescribed"، میں تو سر، اس سے یہی سمجھا ہوں۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم تو کہتے ہیں کہ یہ Break کر دے گا اور Incomplete ہوگا۔ Sentences کو دوبارہ پڑھ لیتے ہیں، "Commencement of term of office of Members of Authority. (1) When a member of a newly constituted Authority is elected, appointed or nominated, his term of office, as

fixed under this Act, shall commence from such date as may be prescribed."

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، وہ Elect بھی ہو جائیگا، Nominate بھی ہو جائے گا تو اس کے باوجود پھر اس کیلئے کوئی اور پروسیجر ہو گا؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ With immediate effect ہے تو-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ہاں،-----

(قطع کلامی)

